مرتب
سمیع اللہ برکت

کرماں والا بک شاپ

کرماں والا بُک شاپ

دوکان نمبر ۲ - دربار مارکیٹ لاہور

Voice: **0423-7249515**

بفیضانِ کرم
حضرت سید السادات پیر محمد اسماعیل شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ
المعروف حضرت کرماں والے
آستانہ عالیہ حضرت کرمانوالہ شریف اوکاڑہ
شمیم باغ ولایت
حضرت سید محمد علی شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ
منظر بدر طریقت
حضرت سید محمد عثمان علی شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ
حضرت پیر سید غضنفر علی شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ
حضرت پیر
سید صمصام شاہ بخاری
سجادہ نشین حضرت کرمانوالہ شریف
حضرت پیر
سید میر طیب علی شاہ بخاری
سجادہ نشین حضرت کرمانوالہ شریف
الحاج صوفی
برکت علی رحمۃ اللہ علیہ
زیر سرپرستی
حاجی پیر انعام اللہ طیبی نقشبندی برکاتی
زیر اہتمام
سمیع اللہ برکت
جملہ حقوق محفوظ ہیں
اشاعت 21 دسمبر 2009
قیمت -/80 روپے

حضرت سلطان محمد باہو سروری قادری رحمۃ اللہ علیہ

حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ جلیل القدر اولیاء سے ہیں۔ آپ خطۂ پنجاب میں بہت مشہور ہیں۔ آپ سلطان العارفین اور شمس السالکین ہیں، آپ بارگاہ رب العزت اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی بارگاہ کے قریب اور حضوری تھے۔ آپ زہد وتقویٰ میں یکتائے زمانہ تھے۔

خاندانی پسِ منظر:

جناب اعجاز الحق قدوسی صاحب لکھتے ہیں کہ سوانح حیات حضرت شیخ باہو میں ہے کہ واقعہ کربلا کے بعد سے سادات بنی فاطمہؓ جہاں کہیں تھے ان کا وقت عبادت الٰہی اور گوشہ نشینی میں بسر ہوتا تھا، باقی علوی خلافتؓ کے مدعی تھے۔ وہ ایران سے ہوتے ہوئے خراسان آئے اور علویوں میں شاہ حسین نے ہرات پر قبضہ کر لیا۔ ان کے بعد ان کا لڑکا امان شاہ تخت حکومت پر بیٹھا، چونکہ یہ سادات بنی فاطمہ کی بے حد اعانت کرتا تھا' اس لیے اس کی اولاد کا لقب اعوان ہوا۔ ساداتِ فاطمہ اور اعوان تین چار پشت تک ہرات میں رہے، پھر عباسیوں کے آخری عہد میں پنجاب اور خراسان کے سرحدی علاقے دریائے اٹک کے کنارے کالا باغ میں پہنچے۔ ساداتِ بنی فاطمہ نے اپنا مسکن اُچ، بلوٹ، چوہا سیدن اور دندا شاہ بلاول کو بنایا اور عبادت وریاضت میں مشغول ہو گئے، لیکن قبیلہ اعوان کے افراد نے کالا باغ کے گرد ونواح کے علاقے جو خٹک اور جنجوعہ اقوام کے ہندو

راجاؤں کے قبضے میں تھے۔ ان راجاؤں کا مقابلہ کر کے ان علاقوں کو فتح کر لیا، پھر قبیلہ اعوان نے اپنے شہر اور گاؤں الگ آباد کیے جن شہروں اور گاؤں میں اعوان آباد تھے وہ اعوان کار کہلانے لگے۔

پنجابی صوفی پوئیٹ از لاجونتی راما کرشنا نے بحوالہ مناقب سلطانی لکھا ہے کہ حضرت سلطان باہو کے آباؤ اجداد حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد یہاں آئے تھے۔ اور پنڈ دادنخان اور احمد آباد میں کافروں سے ان کے معرکے ہوئے اور انہوں نے ان کو حلقہ اسلام میں داخل کیا۔ مغل فرماں روا شاہجہاں اس خاندان کی بڑی عزت کرتا تھا۔ سوانح حیات سلطان باہو میں ہے کہ حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ کے والد ماجد حضرت بازید محمد دہلی کے بادشاہ کے منصب دار تھے، وہ نہایت ہی نیک، متبع شریعت، حافظ قرآن کریم، فقیہ اور عالم بزرگ تھے۔ انہوں نے اپنی خاندان کی ایک عورت بی بی راستی سے شادی کی تھی۔ چنانچہ ایک شعر میں حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی والدہ بی بی راستی کی تعلیم و تربیت کا اسی طرح اعتراف کیا۔

رحمت حق بر روانِ راستی
راستی از راستی آراستی

سلطان بازید محمد کو شورکوٹ ضلع جھنگ میں شاہ جہاں نے ایک سالم گاؤں، قہرگان اور پچاس ہزار بیگھے زمین چند آباد کنوؤں کے ساتھ بطور انعام کے عطا فرمائی، چنانچہ سلطان بازید محمد نے شورکوٹ میں سکونت اختیار کی۔

ولادت

مناقب سلطانی اور تواریخ حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ کے مطابق حضرت قدس اللہ سرہ کی ولادت 1039ھ کو ہوئی اس وقت سلطان اورنگ زیب عالمگیر بادشاہ کا عہد حکومت تھا۔ شعبان المعظم کے اواخر میں یقیناً اسی سال مذکورہ میں ولادت ہوئی کیونکہ شیر خوارگی

میں رمضان المبارک کے ایام میں والدہ کا دودھ پینے سے اجتناب فرماتے تھے۔

(مناقب سلطانی (قلمی) مکتوبہ فتح شیر، 1311ھ 15 :1، مملوکہ نگارندہ رسالہ)

سلطان محمد نواز عارف (متوفی 1938ء جن کا مدفن دربار سلطان باھو رحمۃ اللہ علیہ بستی سمندری میں ہیں)، نے اپنی کتاب مجموعہ کلام رسالہ دارالمعارف میں حضرت سلطان باھو قدس اللہ سرہ کی ولادت کے بارے میں اس طرح بیان کرتے ہیں۔

شصت و سہ سال کرد در دنیا رسول
نور محمد باھو لاشد این حصول
دریازدہ صدی دو کم اربعین
گشت پیدا حضرت سلطان عارفین

(مجموعہ کلام، ص 53 مطبع مرکز الاولیاء لاہور پاکستان 1962ء)

دنیا میں رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے 63 سال گزارے حضرت سلطان باھو رحمۃ اللہ علیہ کو حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نور سے اتنی عمر مبارک حاصل ہوئی۔ گیارہویں صدی (ہجری) میں اڑتیس برس کے بعد حضرت سلطان العارفین پیدا ہوئے گویا اس کے مطابق بھی سال ولادت 1039ھ شمار آتا ہے اور اس بارے میں شبہ نہیں رہتا۔

نام ولقب:

آپ نے اپنی ہر تصنیف میں اپنا نام فقط ''باھو'' لکھا ہے۔ مناقب سلطانی کے مؤلف نے آپ کا نام ''سلطان باھو'' اور جناب بلال زبیری نے ''تذکرہ اولیاء جھنگ'' میں آپ کا اسم مبارک ''سلطان محمد باھو'' لکھا ہے۔ دراصل ولایت فقر کے حصول کے باعث ''سلطان'' کے لقب سے ملقب ہوئے۔ جو آپ کے اسم مبارک کا حصہ بن گیا۔
''محمد'' کا اضافہ اس لیے شمار نظر آتا ہے کہ آپ کے اجداد کی تیرہ پشتوں میں ہر فرد

کے نام کے ساتھ اسم ''محمد'' شامل رہا۔اس اسم پاک سے محبت وعقیدت کے سبب والدین روایتاً نام اس طرح لیتے رہے ہیں۔بہرحال آپ کے اسم مبارک کا اصل اور اہم جزو ''باھوؒ'' ہی ہے جو از خود گہرے معانی کا حامل ہے۔''باھو'' کے لفظی معنی اس ذات مطلق کے ساتھ ہونا کے ہیں۔سبحان اللہ۔اور آپ اسم بامسمّٰی ''باھو'' کے ہو کر رہ گئے۔

کتاب امیر الکونین میں خود فرماتے ہیں۔

باھو در ھو گم شدہ فی اللہ فنا
نام باھو متصل شد با خدا

امیر الکونین (قلمی) 1232ھ ص 12 مملوکہ سلطان غلام دستگیر القادری)

شجرۂ نسب:

حضرت سلطان باھو رحمۃ اللہ علیہ کا شجرہ نسب یوں ہے: حضرت سلطان باھو بن حضرت بازید محمد بن حضرت فتح محمد بن حضرت اللہ دتہ بن حضرت محمد تمیم بن حضرت محمد منان بن حضرت موغلا بن حضرت محمد پیدا بن حضرت محمد سگھرا بن حضرت محمد نون بن حضرت سلا بن حضرت محمد بہاری بن حضرت محمد جیون بن حضرت محمد ہرگن بن حضرت نور شاہ بن حضرت امیر شاہ بن حضرت قطب شاہ۔

(تذکرہ اولیائے پاکستان ص 175 مطبع شبیر برادرز مرکز الاولیاء لاہور پاکستان 1987ء)

حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فیض پانا:

ایک بہت ہی اعلیٰ حکایت آپ کے جواں سالی کے ایام سے متعلق قابل ذکر ہے کہ ایک روز آپ شورکوٹ کے نواح میں کھڑے تھے کہ ایک باعظمت سوار نورانی چہرہ کے ساتھ نمودار ہوئے، آپ کے ہاتھ پکڑے اور گھوڑے پر اپنی پیٹھ میں بٹھا دیا۔اس باعظمت سوار نے فرمایا: میں علی ابن ابی طالب ہوں اور حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان پر تمہیں حضور پرنور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دربار میں لیے جا رہا ہوں۔

پھر پلک جھپکنے کی دیر میں آپ اس مجلس میں پہنچ گئے جہاں پہلے حضرت صدیق اکبر، پھر حضرت عمر فاروق، پھر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہم آپ سے متوجہ ہوئے۔ان سے ملاقات کے بعد آپ اُٹھے تو حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے دونوں دست اقدس مبارک بڑھائے اور فرمایا: میرا ہاتھ پکڑ لو۔ پھر آپ کو دونوں ہاتھوں سے بیعت میں لیا اور تلقین فرمائی۔ یہاں آپ کو مرتبہ منتہا اور درجہ ھوالرجوع الی البدایت حاصل ہوا۔اس تلقین سے مشرف ہوئے تو حضرت سیدۃ النساء بی بی فاطمۃ الزہرہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ تو میرا فرزند ہے۔ اس کے بعد آپ نے حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کے قدموں کے بوسے لئے اور ان کی غلامی کے حلقہ میں داخل ہوئے۔

حضرت سید المرسلین حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تلقین کے بعد فرمایا کہ مخلوقِ خدا کی مدد کرو کیونکہ تیرا رتبہ روز بروز بلکہ لمحہ بہ لمحہ بلند ہوتا جائے گا۔اس کے بعد حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت غوث الثقلین محبوب سبحانی سید الشیخ حضرت عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کے سپرد کر دیا۔حضرت پیر دستگیر نے اپنی عنایات سے سرفراز فرمایا اور تلقین و ہدایت کرنے کا حکم فرمایا۔

(مرآت سلطانی ص96 مطبع باھو پبلی کیشنز مرکز الاولیاء لاہور پاکستان 2006ء)

بچپن:

حضرت سلطان باھو رحمۃ اللہ علیہ کی پیشانی پر بچپن سے ہی انوار ولایت تاباں و نمایاں نظر آتے تھے۔اور بعض ایسی باتیں پائی جاتی تھیں کہ جن سے اندازہ ہوتا تھا کہ آپ آئندہ چل کر آسمانِ ولایت کے روشن آفتاب بنیں گے۔حضرت سلطان باھو نے شورکوٹ ہی میں تعلیم و تربیت حاصل کی۔تعلیم ظاہری کے بعد وہ باطنی علوم کی طرف متوجہ ہوئے۔ تذکرہ نگاروں کا بیان ہے کہ حضرت سلطان باھو نے براہ راست سرورِ کائنات حضور نبی

اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے فیضانِ باطنی حاصل کیا، اور پھر سرورِ کائنات حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ آلہ وسلم نے ان کی تربیت حضرت غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ (متوفی 561ھ) کے سپرد فرمائی۔

(تذکرہ صوفیائے پنجاب ص150 مطبع سلمان اکیڈمی کراچی پاکستان 1996ء)

تلاش مرشد اور بیعت ہونا:

آپ نے لڑکپن کا زمانہ شورکوٹ میں گزرا ہے۔ اوران ایام میں بھی ہزاروں خلق خدا تعالیٰ عز وجل کو راہ مستقیم سے نوازا ہے۔ اسی طرح ہزاروں کافر آپ کی نظر ہدایت سے مشرف با اسلام ہوئے۔ البتہ آپ کے اس دور میں خدمت خلق اور فیضانِ توجہ کے علاوہ دو مزید اہم امور بھی سرانجام پائے گئے۔ اول یہ کہ آپ نے ان ایام میں یکے بعد دیگرے چار نکاح کئے۔ دوم یہ کہ آپ مرشد کامل کی تلاش میں بھی رہے۔ طریقت میں اویسی سلوک کے مطابق آپ کو حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے براہ راست فیضان حاصل ہوا۔ اس وہبی اعزاز سے حضرت سلطان العارفین قدس سرہ بیعت تلقین وہدایات سے سرفراز ہوئے جس کی تفصیل پہلے بیان ہو چکی ہے۔

شاہ حبیب اللہ قادری بغدادی

دریائے راوی کے کنارے شہر بغداد نامی ایک قصبہ میں جہاں بغداد عراق سے آئے ہوئے ایک بزرگ قیام پذیر ہو گئے تھے۔ وہاں پر حالات کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ نے وہاں چند روز قیام کیا۔ شاہ حبیب اللہ قادری صاحب [illegible] ت ومعروف پیر طریقت تھے۔ انہوں نے حضرت سلطان العارفین قدس سرہ [illegible] حنی احوال اور ترک دنیا کا امتحان لیا اور آزمائش میں ڈالا۔ حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ اس مرحلہ سے کامیابی کے ساتھ گزرے۔ سلطان حامد قادری کے مطابق شاہ حبیب اللہ قادری کو جب سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ کے مادرزاد ولی اللہ ہونے کا اوران

کے بلند مقامات و درجات کا علم ہوا تو مزید حصول برکات کے لئے پیر عبدالرحمٰن دہلوی گیلانی رحمۃ اللہ علیہ سے ملاقات کرنے اور فیضیاب ہونے کے لیے رخصت کی جو خود شاہ حبیب اللہ قادری کے مرشد تھے۔ شاہ حبیب اللہ قادری کا مسکن راوی کے کنارے قصبہ بغداد میں تلنبہ اور سرائے سدھو کے درمیان واقع ہے۔

پیر سید عبدالرحمٰن گیلانی دہلوی

سلطان حامد قادری نے لکھا ہے کہ مرشد کامل کی تلاش میں شاہ حبیب اللہ قادری کی رہنمائی سے پہلے حضرت سلطان العارفین رحمۃ اللہ علیہ کی والدہ ماجدہ نے مشرق کی طرف سفر کرنے کا اشارہ کر دیا تھا۔ دہلی پہنچ کر آپ نے سید پیر عبدالرحمٰن گیلانی سے ملاقات کا شرف حاصل کیا اور ان سے فیض ازلی کا حصہ وصول کیا۔ کیمیائے معرفت کا خزینہ اور تلقین و رہنمائی حاصل کی۔ اس طرح حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ کا دہلی جا کر پیر عبدالرحمٰن گیلانی کی زیارت اور ان سے بیعت کرنے کی ایک اہم دستاویز اور دلیل حاصل ہو جاتی ہے۔ ایک یہ عجیب بات ہے کہ ظاہری مرشد سے بیعت کرنے کا واقعہ صرف مناقب سلطانی میں اور پھر محمد ذکریا کی سی حرفی میں پچھڑ سے شائع ہوا۔ خود حضرت سلطان باہو نے اپنی تصنیف میں ظاہری مرشد اختیار کر لینے کے بارے میں کوئی واضح بات نہیں کی۔ ڈاکٹر راما کرشنا کا اصرار ہے کہ حضرت پیر عبدالرحمٰن دہلوی وہی شخصیت ہیں جن کے والد محترم کا نام عبدالعزیز نقشبندی مشہور ہے۔ ڈاکٹر راما کرشنا نے موقف کے لیے انگریزی کی معروف کتاب جو بیلی نے تصنیف کی ہے، کی جانب اشارہ کیا ہے۔ بیلی نے لکھا ہے کہ عبدالرحمٰن والد عبدالعزیز نقشبندی کا سلیمان شکوہ کا داماد تھا اور اس کی شادی ان کی بیٹی کے ساتھ 1062ھ کو شاہ جہان بادشاہ کی پچیسویں تخت نشینی کے موقع پر قرار پائی تھی۔ مگر ڈاکٹر راما کرشنا کا یہ قیاس ہماری نظر میں کوئی مدلل حیثیت نہیں رکھتا۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ پیر عبدالرحمٰن دہلوی جو حضرت سلطان باہو رحمۃ اللہ علیہ کے مرشد قرار پائے گئے، گیلانی سادات سے

تھا۔ اور وہ سلوک تصوف میں پشت در پشت طریقہ قادریہ پر فائز تھے۔ یہ تو قطعاً ممکن ہی نظر نہیں آتا کہ ان کے والد نقشبندی مسلک سے منسلک ہوں۔

(مراۃ سلطانی ص105, 104 مطبع باھو پبلی کیشنز مرکز الاولیاء لاہور پاکستان 2006ء)

مناقب سلطانی کے مطابق جب سلطان باھو رحمۃ اللہ علیہ دہلی سے واپس آئے تو انیس لاکھ مردانِ خدا کو مرید کیا اور خلافت بخشی جن میں اکثر سندھ، بغداد (عراق)، مصر، عرب، شام، روم اور کابل کی طرف منتشر ہو کر تقسیم ہوئے۔ آپ خود بھی ان ممالک میں ملاقات اور سفر کے لیے تشریف لے گئے۔ ان انیس لاکھ مریدین میں گیارہ لاکھ سادات تھے۔ اور آٹھ لاکھ دیگر اقوام میں سے تھے۔ باقی خلفاء پنجاب اور ہندوستان کے دیگر مقامات میں نفی اثبات کی تعلیم دینے میں مشغول ہوئے۔

(مناقب سلطانی ص,48 خطی، مکتوبہ 1319ھ، مملوکہ نگارندہ رسالہ)

ازدواج:

حضرت سلطان باھو رحمۃ اللہ علیہ یکے بعد دیگرے چار خواتین کو اپنے عقد میں لائے۔ آپ کی ایک زوجہ محترمہ حضرت مخدوم برہان رحمۃ اللہ علیہ لنگر مخدوم کے گھرانے سے تھیں۔ آپ کی دوسری زوجہ مطہرہ قبیلہ اعوان سے تھیں۔ تیسری زوجہ مکرمہ بھی اعوان قبیلہ سے تھیں اور قریبی رشتہ دار شمار ہوئی تھی۔ جبکہ آپ کی چوتھی زوجہ پاکدامنہ ایک ہندو ساہوکار کے کنبہ سے تھیں۔ جو کہ آپ کو غوث بہاء الحق زکریا ملتانی رحمۃ اللہ علیہ کے مزار مبارک پر دعوت قبور پڑھنے کے بعد آپ کو عطا ہوئیں۔ جو مشرف بہ اسلام ہو کر نکاح میں آئیں۔ جس طرح کہ آپ کے حالات و واقعات سے معلوم ہوا ہے۔ چوتھی ازدواج کے بعد آپ کی والدہ محترمہ و معظمہ نے آپ کو ظاہری مرشد اختیار کرنے کے لئے ہدایت کر دی چنانچہ آپ مرشد کی تلاش میں مسافرت کرنے لگے۔ اس وقت آپ کی عمر مبارک چالیس سال کی ہو چکی تھی۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ آپ کے چاروں ازدواج چالیس سال کی عمر

پانے تک ہی ہوئیں اور اس کے بعد کسی عورت سے نکاح نہیں ہوا۔

شجرۂ طریقت:

گزشتہ روایات کے مطابق حضرت سلطان باھو رحمۃ اللہ علیہ کا شجرہ طریقت دو واسطوں سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ اللہ تک جا پہنچتا ہے۔ اس طرح آپ کی طریقت کا ایک سلسلہ پیر طریقت حضرت شیخ معروف کرخی رحمۃ اللہ علیہ کے واسطہ سے ہے جن کا روحانی رابطہ بیک وقت حضرت امام علی بن موسیٰ رضا رضی اللہ عنہما و حضرت داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ کو پہنچتا ہے۔

سلسلہ اوّل:

شیخ سلطان باھو عن شیخ السادات سید عبدالرحمٰن دہلوی عن شیخ سید عبدالجلیل عن سید عبدالبقا عن سید الستار عن سید الفتاح عن شیخ نجم الدین عن برہان پوری عن شیخ محمد صادق یحییٰ عن سید عبالجبار عن سید عبدالرزاق عن سید غوث صمدانی محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانی عن شیخ المشائخ خواجہ ابوسعید عن مبارک الخضر می مخزومی عن شیخ ابوالحسن عن قریشی الھنکاری عن شیخ ابوالفرح عن یوسف طرطوسی عن شیخ خواجہ عبدالواحد تمیمی بن خواجہ عبد العزیز تمیمی عن خواجہ شیخ ابا بکر شبلی عن خواجہ شیخ جنید بغدادی عن شیخ عبداللہ سری سقطی عن شیخ معروف کرخی عن شیخ ابوالحسن علی بن موسیٰ رضا عن ابی موسیٰ کاظم عن ابی جعفر صادق عن ابی محمد الباقر عن ابی زین العابدین عن ابی عبداللہ الحسین عن ابی اسد اللہ الغالب امیر المومنین علی المرتضیٰ ابن ابی طالب۔ (رضی اللہ تعالیٰ عنہم)

(مرات سلطانی ص 119 مطبع باھو پبلی کیشنز مرکز الاولیاء لاھو پاکستان 2006ء)

دوسرا سلسلہ طریقت شیخ معروف کرخی کے بعد اس طرح شروع ہوتا ہے۔ خواجہ شیخ داؤد طائی رحمۃ اللہ علیہ سے خواجہ شیخ حبیب عجمی رحمۃ اللہ علیہ جس نے اسد اللہ الغالب امیر المومنین علی المرتضیٰ بن ابی طالب رضی اللہ عنہما سے بیعت کی۔ گویا اوّل سلسلہ طریقت کے مطابق

پچیس واسطوں اور مطابق سلسلہ طریقت دوم بائیس واسطوں کے بعد امیر المؤمنین علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہما تک سلسلہ پہنچتا ہے۔ مفتی غلام سرور لاہوری رحمۃ اللہ علیہ نے بھی انہیں شجروں کو بیان کیا ہے۔

(حاشیہ حدیقۃ الاولیاء ص 253 مطبع تصوف فاؤنڈیشن مرکز الاولیاء لاہور پاکستان 2000ء)

سلطان العارفین کی تصنیفات:

مناقب سلطانی اور دیگر سینہ بہ سینہ روایات کے مطابق حضرت سلطان باھو رحمۃ اللہ علیہ کی ایک سو چالیس تصانیف ہمارے لیے بیش بہا یادگار ہیں مگر اس وقت آپ کی صرف اکتیس کتابیں دستیاب ہیں۔ان تصانیف میں ''ابیات باھو'' سرائیکی (علاقائی زبان) میں ہے اور باقی تیس فارسی زبان میں ہیں۔ ان میں پھر ایک ''دیوان باھو'' فارسی غزلیات پر مشتمل کتاب ہے جبکہ باقی انتیس فارسی نثر میں ہیں۔ حضرت قدس سرہ کے کلام کی ادب، علم، معرفت اور ثقافت اسلامی لحاظ سے بہت بڑی اہمیت ہے۔آپ کی ہر ایک تصنیف مرشد کامل کا مقام رکھتی ہے کیونکہ ان میں بیان کردہ جملے افکار کا سرچشمہ آیات قرآنی واحادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔یعنی یہ کلام علم لدنی اور تمام الہام ہی ہے۔ان آثار میں فقر کی انتہا اور عارفانہ تعلیمات، تزکیہ نفس درس حکمت اور علمی اشارات پر محیط پیرائے بیان ہوئے ہیں۔آپ کی تصنیفات قابل ذکر ہیں۔

(۱) اسرار قادری (۲) امیر الکونین (۳) اورنگ شاہی (۴) توفیق الہدایت (۵) تیغ برہنہ (۶) جمع الاسرار (۷) حجت الاسرار (۸) دیدار بخش (۹) دیوان باھو (۱۰) رسالہ روحی (۱۱) سلطان الوہم (۱۲) شمس العارفین (۱۳) عقل بیدار (۱۴) عین العارفین (۱۵) عین الفقر (۱۶) فضل اللقاء (۱۷) قرب دیدار (۱۸) کشف الاسرار (۱۹) کلید التوحید (خورد) (۲۰) کلید التوحید (کلاں) (۲۱) کلید الجنت (۲۲) گنج الاسرار (۲۳) مجالسۃ النبی (۲۴) محبت الاسرار (۲۵) محکم الفقراء (۲۶) محک الفقراء (خورد)

(۲۷)محک الفقراء(کلاں) (۲۸)مفتاح العارفین (۲۹)نور الھدیٰ(خورد)
(۳۰)نورالھدایت عین نما معروف بہ نورالھدیٰ(کلاں)

ان کتابوں کے مطالعہ سے جہاں آپ کے غیر معمولی تبحر علمی، غیر معمولی استعداد اور صلاحیتوں کا پتہ چلتا ہے وہیں یہ کتابیں ایک سالک راہ طریقت کے لیے عرفان و ہدایت کی ایک گنج گراں مایہ ہیں۔ یہ امر نہایت ہی افسوس زدہ ہے کہ ہم لوگ ان لوگوں کو بھول کر اپنے کاندھے پر ستارے لگا لیتے ہیں۔ جن لوگوں کو یہ اصل خراج تحسین ملنا چاہئیں۔ یہاں پر ذکر کئے دیتے ہیں کہ ان کتابوں کو اصل تراجم کے ساتھ شائع کرنے کا عمل ملک چنن دین المعروف (اللہ والے قومی دکان کشمیری بازار والوں نے کیا) جن کا اصل کام بقول صاحبزادہ بان کا تھا۔ مگر ایک دن اچانک ملک چنن دین نے کتابیں چھاپنی شروع کر دیں جس سے اصل خاندانی کام بان سیل کرنے کا عمل بند ہو گیا۔ ملک چنن دین نے تصوف کی کتابوں میں حضرت سلطان باھو رحمۃ اللہ علیہ کی کتابی چھاپیں اور نہایت ہی سلیس تراجم شائع کئے' کیونکہ ان کی پرنٹ شدہ کتابیں میرے پاس موجود ہیں۔ لیکن افسوس ناک واقعہ یہ ہے کہ جیسے ہی ان کا نام ختم ہوا یعنی ملک چنن دین صاحب کی وفات ہوئی۔ بعد میں صاحبزادوں سے یہ کام سنبھالا نہ گیا اور بالآخر انہوں نے دوبارہ بان کا کام شروع کر دیا ہے۔ مگر موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے مختلف ناشروں نے ان کی کتابیں اپنے نام سے شائع کروا کر سیل شروع کر دیں۔ انہوں نے تو اتنا بھی نہیں کیا کہ کم از کم ان کے نام کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے ایک دو صفحات ہی لکھ دیئے جائیں تا حیات کے لئے۔ مگر کہاں ایسا کام اللہ تعالیٰ عزوجل ان پبلشروں کو ہدایت دے۔ اور ملک چنن دین صاحب کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام سے نوازے۔ (آمین)

وصال:

حضرت سلطان باھو رحمۃ اللہ علیہ کا وصال بروز جمعرات بوقت عصر یکم جمادی الثانی سال

۱۱۰۲ھ کو شورکوٹ میں ہوا۔ جہاں آپ کے جسد مبارک کو پختہ اینٹوں کے قلعہ قہرگان کے مقام پر سپرد خاک کیا گیا تھا۔ اسی قلعہ قہرگان میں آپ کا مزار مبارک ستتر سال تک طالبان حق کے لئے منبع فیض رہا۔

پہلے مزار مبارک میں تدفین کے موقع پر سال ۱۱۰۲ھ کو حضرت سلطان العارفین رحمۃ اللہ علیہ کے دو فرزند سلطان نور محمد اور سلطان ولی محمد موجود تھے۔ البتہ حضرت سلطان العارفین رحمۃ اللہ علیہ کی وفات و تدفین کے بعد آپ کے بڑے فرزند سلطان نور محمد نے دریائے سندھ کے مغربی کنارہ پر علاقہ گڑانگ فتح خان میں بود و باش اختیار کر لی تھی۔ لیکن دریا کے بڑھ آنے کی وجہ سے، اور مزار مبارک کو طغیانی کا خطرہ لاحق ہونے کی وجہ سے آپ کے جسد مبارک کو وہاں سے منتقل کر کے دوسری جگہ دفن کیا گیا۔ یہ واقعہ ۱۱۸۰ھ کا ہے لیکن ۱۳۳۶ھ میں جب کہ حضرت شیخ حاجی سلطان نور احمد کی سجادگی کا زمانہ تھا۔ پھر مزار مبارک کو دریا کی طغیانی کا خطرہ لاحق ہوا۔ چونکہ ماہ محرم ۱۳۳۶ھ میں جسد مبارک وہاں سے منتقل کر کے اس جگہ دفن کیا گیا جہاں اب آپ کا مزار مبارک مرجع خاص و عام ہے۔ (تذکرہ صوفیائے پنجاب ص ۱۵۶، ۱۵۵ مطبع سلمان اکیڈمی کراچی پاکستان ۱۹۹۶ء)

آپ کا عرس مبارک بھی ماہ محرم الحرام میں ہی ہوتا ہے۔

حضرت سلطان العارفین کی اولادِ مبارکہ:

حضرت سلطان العارفین رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد میں آٹھ فرزند تھے جن کے نام یہ ہیں۔ (۱) سلطان نور محمد (۲) سلطان ولی محمد (۳) سلطان لطیف محمد (۴) سلطان صالح محمد (۵) سلطان اسحاق محمد (۶) سلطان فتح محمد (۷) سلطان شریف محمد (۸) سلطان حیات محمد جبکہ صاحب مناقب سلطانی نے لکھا ہے کہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی ایک دختر بھی تھیں جن کا نام مائی رحمت خاتون تھا۔

الف اللہ چنبے دی بوٹی

الف اللہ چنبے دی بوٹی مرشد من میرے وچ لائی ھُو
نفی اثبات دا پانی ملسیں ہر رگے ہر جائی ھُو
اندر بوٹی مشک مچایا جاں پھلن پر آئی ھُو
جیوے مرشد کامل باھُو جیں ایہہ بوٹی لائی ھُو

الف اللہ پڑھیا پڑھ

الف اللہ پڑھیا پڑھ حافظ ہویا گیا حجابوں پردہ ھُو
پڑھ پڑھ عالم فاضل ہویا بھی طالب ہویا زر دا ھُو
لکھ ہزار کتاباں پڑھیاں ظالم نفس نہ مردا ھُو
باہجھ فقیراں کسے نہ ماریا باھُو ایہہ ظالم چور اندر دا ھُو

اللہ صحیح کیتوس

الف اللہ صحیح کیتوس جداں چمکیاں عشق اگوہاں ھُو
رات دہیں دیوے تا نگھڑے نت کرے اگوہاں سوہاں ھُو
اندر بھاہیں اندر بالن اندر دیوچہ دھواں ھُو
باھُو شہ رگ تھیں رب نیڑے لدھا جدوں عشق کیتا سی سوہاں ہو

احد جد دِتی وکھالی

الف احد جد دِتی وکھالی ازخود ہو یا فانی ھُو
قرب وصال مقام نہ منزل نہ اوتھے جسم نہ جانی ھُو
نہ اوتھے عشق محبت کائی نہ اوتھے کون مکانی ھُو
عینوں عینی تھیوسی باھُو سرّ وحدت سبحانی ھُو

ازل ابد نوں صحیح کیتوس

الف ازل ابد نوں صحیح کیتوس دیکھ تماشے گزرے ھُو
چوداں طبق دلیندے اندر آتش لائے حجرے ھُو
جنہاں حق نہ حاصل کیتا اوہ دوہیں جہانیں اجڑے ھُو
عاشق غرق ہوئے وچ وحدت باھُو دیکھ تنہاندے مجرے ھُو

اندر ہوتے باہر ہووت

الف اندر ہوتے باہر ہووت باھو کتھ لبھیندا ھُو
ہو دا داغ محبت والا دَم دَم نال سڑیندا ھُو
جتھے ھُو کرے روشنائی اوتھوں چھوڑ اندھیرا ویندا ھُو
دوہیں جہان غلام اس باھُو جیہڑا ھُو نوں صحیح کریندا ھُو

اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ سنیا دل میرے

الف اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ سنیا دل میرے جند قَالُوْا بَلٰی کوکیندی ھُو
حُب وطن دی غالب اِک پل سون نہ دیندی ھُو
قہر پوے تینوں رہزن دنیا جوتوں حق دا راہ مریندی ھُو
عاشقاں مول قبول نہ باھُو کر کر زاریاں روندی ھُو

ایہو نفس اساڈا بیلی

الف ایہو نفس اساڈا بیلی جے نال اساڈے سدھا ھُو
جو کوئی اس دی کرے تباہی اس نام اللہ دا لدھا ھُو
زاہد عابد آن نوائے جتھے ٹکڑا دیکھے تھدھا ھُو
راہ فقر دا مشکل باھُو گھر مان نہ میرا رِدّھا ھُو

ادھی لعنت دنیا تائیں

الف ادھی لعنت دنیا تائیں ساری دُنیا داراں ھُو
جنہاں راہ صاحب دے خرچ نہ کیتی لین غضب دیاں ماراں ھُو
پیوواں کولوں پتر کوہندی پھٹھ دُنیا مکاراں ھُو
جنہاں ترک دُنیاں تھیں کیتی باھُو لیس باغ بہاراں ھُو

ایہہ دُنیاں رن حیض پلیدی

الف ایہہ دُنیاں رن حیض پلیدی ہرگز پاک نہ تھیوے ھُو
جیں فکر گھر دُنیاں ہووے لعنت تسدے جیوے ھُو
حُب دنیا دی ربّ تھیں موڑے ویلے فکر کچیوے ھُو
سہ طلاق دُنیاں نوں دیئیے جے باھُو سد پچھیوے ھُو

ایہہ دُنیاں زن حیض پلیدی

الف ایہہ دُنیاں زن حیض پلیدی کتنی مَل مَل دھوندے ھُو
دُنیاں کارن عالم فاضل گوشے بہہ بہہ روندے ھُو
دنیا کارن لوک وچارے ہِک پل سکھ نہ سوندے ھُو
جنہاں چھڈی دنیا باھُو اوہ کندھی چڑھ کھلوندے ھُو

ایمان سلامت ہر کوئی منگے

الف ایمان سلامت ہر کوئی منگے عشق سلامت کوئی ھُو
منگن ایمان شرماون عشقوں دل نوں غیرت ہوئی ھُو
جس منزل نوں عشق پہنچائے ایمان نوں خبر نہ کوئی ھُو
میرا عشق سلامت رکھیں باھُوؔ ایمان دیاں دھروئی ھُو

اندر وچ نماز اساڈی

الف اندر وچ نماز اساڈی ہکسے جا تینوے ھُو
نال قیام رکوع سجودے کر تکرار پڑھیوے ھُو
ایہہ دل ہجر فراقوں سڑدا ایہہ دم مرے نہ جیوے ھُو
سچا راہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم والا باھُو جیں وچ رب لبھیوے ھُو

ایہہ تن میرا چشم ہووے

الف ایہہ تن میرا چشم ہووے تے میں مرشد ویکھ نہ رجاں ھُو
لوں لوں دے مُڈھ لکھ لکھ چشماں اِک کھولاں اِک کجاں ھُو
اتنیاں ڈٹھیاں صبر نہ آوے ہور کِتے وَل بھجیاں ھُو
مرشد دا دیدار ہے باھُو مینوں لکھ کروڑاں حجاں ھُو

اکھیں سرخ تے موہیں زردی

الف اکھیں سرخ تے موہیں زردی ہر ولوں دل آہیں ھُو
مہا مہاڑ خوشبوئی والا پونہتا ونج کداہیں ھُو
عشق مشک نہ چھپے رہندے ظاہر تھیں اُٹھائیں ھُو
نہ فقیر تنہاں دا باھُو جن لامکانی جائیں ھُو

اندر کلمہ قل قل کردا

الف اندر کلمہ قل قل کردا عشق سکھائے کلماں ھُو
چوداں طبقے کلمے دے اندر چھڈ کتاباں علماں ھُو
کانے کپ کپ قلم بناون لِکھ نہ سکن قلماں ھُو
کلمہ مینوں پیر پڑھایا ذرا نہ رہیاں الماں ھُو

ایہہ تن رب سچے دا

الف ایہہ تن رب سچے دا مجرا پا فقیرا جھاتی ھُو
نہ کر منت خواج خضر دی اندر تیں حیاتی ھُو
شوق دا دیوا بال انھیرے لبھی وست کھڑاتی ھُو
مرن تھیں اگے مر رہے حق دی رمز پچھاتی ھُو

ایہہ تن رب سچے دا حجرا

الف ایہہ تن رب سچے دا حجرا کھڑیاں باغ بہاراں ھُو
وچے کوزے وچ مصلے سجدے دیاں ہزاراں ھُو
وچے کعبہ وچے قبلہ الا اللہ پکاراں ھُو
کامل مرشد ملیا باھُو آپے لیسی ساراں ھُو

اوجھڑ جھل تے مارو بیلا

اوجھڑ جھل تے مارو بیلا جتھے جالن آئی ھُو
جس کدھی نوں ڈھاں ہمیشاں اَج ڈھٹھی کل ڈھائی ھُو
نیں جنہاندے وہے سراندی سکھ نہ سوندے راہی ھُو
پانی ، ریت جے ہون اکٹھے بتی نہ بجھدی کائی ھُو

آپ نہ طالب ہیں کہیں سے

الف آپ نہ طالب ہیں کہیں سے لوکاں طالب کر دے ھُو
چانوں کھیلپاں کردے سیپاں قہر توں ناہیں ڈردے ھُو
عشق مجازی تلکن بازی پیر اَوّلے دَھردے ھُو
اوہ شرمندے ہوسن باھُو اندر روز حشر دے ھُو

اندر بھی ھُو باہر بھی ہو باھُو

الف اندر بھی ھُو باہر بھی ہو باھُو کتھاں بھیوے ھُو
سے ریاضت کرکراہاں خون جگر دا پیوے ھُو
لکھ ہزار کتاباں پڑھ کے دانش مند سدیوے ھُو
نام فقیر تہندا باھُو قبر جنہاں دی جیوے ھُو

الف اللہ چنبے دی بوٹی

الف اللہ چنبے دی بوٹی من وچ مرشد لاندا ھُو
جس گت اتے سوہنا راضی اوہوگت سکھاندا ھُو
ہر دم آپ اُٹھاندا سوہنا' ہر دم آپ بہاندا ہو
آپ سمجھ سمجھیندا باھُو آپ آپے بن جاندا ھُو

(ب)

باھُو باغ بہاراں کھڑیاں

ب باھُو باغ بہاراں کھڑیاں نرگس ناز شرم دا ھُو
دل وچ کعبہ صحیح کیتوس پاکوں پاک پرم دا ھُو
طالب طلب طواف تمامی حب حضور حرم دا ھُو
گیا حجاب تھیوسی حاجی باھُو بخشیوس راہ کرم دا ھُو

بغداد شہر دی کیا نشانی

ب بغداد شہر دی کیا نشانی اُچیاں لمیاں چیڑاں ھُو
تن من میرا پرزے پرزے جیوں درزی دیاں لیراں ھُو
اینہاں لیراں دی گل کفنی پا کے رلساں سنگ فقیراں ھُو
بغداد شہر دے ٹکڑے منگساں کرساں میراں میراں ھُو

بے تے پڑھ کے فاضل ہویا

ب بے تے پڑھ کے فاضل ہویا ہک حرف نہ پڑھیا کسے ھُو
جیں پڑھیا تیں شوہ نہ لدھا جاں پڑھیا کجھ تسے ھُو
چوداں طبق کرن روشنائی ایہناں کجھ نہ دَسے ھُو
باہجھ وصال اللہ دے باھُو ہور سب کہانیاں قصے ھُو

بے ادباں نہ سار ادب دی

ب بے ادباں نہ سار ادب دی گئے ادباں تھیں وانجے ھُو
جیہڑے تھاں مٹی دے بھانڈے کدی نہ ہوندے کانجے ھُو
جو مُڈھ قدیم دے کھیڑے آہے کدے نہ ہوندے رانجھے ھُو
جیں دل حضور نہ منگیا باھُو گئے دوہیں جہانیں وانجے ھُو

بزرگی گھت دیہن رڑھائیے

ب بزرگی گھت دیہن رڑھائیے ملئے رج منہ کالا ھُو
لا الٰہ والا کہنا منیا مذہب کی لگدا سالا ھُو
اِلا اللہ گھر میرے آیا جیں آن اٹھایائے پالا ھُو
بھر پیالا خضروں پیتا باھُو آب، حیاتی والا ھُو

بسم اللہ اسم اللہ دا

ب بسم اللہ اسم اللہ دا ایہہ بھی گہنا بھارا ھُو
نال شفاعت سرور عالم چھٹسی عالم سارا ھُو
حدوں بیحد درود نبی ﷺ نوں جس دا ایڈ پسارا ھُو
میں قربان تنہاں تھیں باھُو جنہاں ملیا نبی سوہارا ھُو

بنھ چلایا طرف زمیں دے

ب بنھ چلایا طرف زمیں دے عرشوں فرش ٹکایا ھُو
گھر تھیں ملیا دیس نکالا اساں لکھیا جھولی پایا ھُو
رہو نی دُنیا نہ کر جھیڑا ساڈا اگے دل گھبرایا ھُو
اسیں پردیسی ساڈا وطن دوراڈا باھُو دم دم غم سوایا ھُو

باہجھ حضوری نہیں منظوری

ب باہجھ حضوری نہیں منظوری توڑے پڑھن پے بانگ صلواتاں ھُو
روزے نفل نماز گزارن توڑے جاگن ساریاں راتاں ھُو
باہجھوں قلب حضور نہ ہووے توڑے کڈھن سے زکواتاں ھُو
باھُو باہجھ فناہ رب حاصل ناہیں ناں تاثیر جماعتاں ھُو

بہتی میں اوگنہاری

ب بہتی میں اوگنہاری تاں بھی لاج پئی گل اس دے ھُو
پڑھ پڑھ علم کرن تکبر پر شیطان جیہے اوتھے مسدے ھُو
لکھاتنوں بھو دوزخ والا ہک نت بہشتوں رسدے ھُو
عاشقاں دے گل چھری ہمیشہ باھُو اگے محبوباندے کسدے ھُو

بغدادی ونج کراہاں

ب بغدادی ونج کراہاں سو دانے کتوسے ھُو
رتی عقلاں دی کراہاں غم دا بھار گھدوسے ھُو
بھار بھریرا منزل چوکھی اوڑک ونج پتیوسے ھُو
ذات صفات صحیح کتوس سے فیر جمال لدھوسے ھُو

(پ)

پڑھ پڑھ علم لوک رجھاون

پ پڑھ پڑھ علم لوک رجھاون کیا ہویا اس پڑھیاں ھُو
ہرگز مکھن مول ناں آوے پھٹے دودھ دے کڑھیاں ھُو
آکھ چنڈورا ہتھ کی آیا ایس انگوری پھڑیاں ھُو
اِک دل خستہ باھُو رکھیں راضی تے لئی عبادت ورہیاں ھُو

پاک پلید نہ ہوندے ہرگز

پ پاک پلید نہ ہوندے ہرگز توڑے رلدے وچ پلیتی ھُو
وحدت دے دریا اچھلے ہک دل صحیح نہ کیتی ھُو
ہک بت خانے جاواصل ہوئے ہک پڑھ پڑھ تھکے مسیتی ھُو
فاضل چھوڑ فضیلت بیٹھے باھُو عشق نماز جاں نیتی ھُو

پیر ملیاں جے پیڑ نہ جاوے

پ پیر ملیاں جے پیڑ نہ جاوے تاں اُس نوں پیر کی دھرنا ھُو
مرشد ملیاں ارشاد نہ من نوں اوہ مرشد کی کرنا ھُو
جس ہادی کنوں ہدایت ناہیں اوہ ہادی کی پھڑنا ھُو
جے سر دتیاں حق حاصل ہووے باھُو موتوں مول نہ ڈرنا ھُو

پڑھ پڑھ حافظ کرن تکبر

پ پڑھ پڑھ حافظ کرن تکبر ملّا کرن وڈیائی ھُو
گلیاں دے وچ پھرن نمانے بغل کتاباں چائی ھُو
جتھے ویکھن چنگا چوکھا اوتھے پڑھن کلام سوائی ھُو
دوہیں جہانیں سوئی مٹھے باھُو جنہاں کھادی ویچ کمائی ھُو

پڑھ پڑھ علم مشائخ سداون

پ پڑھ پڑھ علم مشائخ سداون کرن عبادت دوری ھُو
اندر جھگی پئی لٹیوے تن من خیر نہ موری ھُو
مولا والی سدا سوکھالی دل توں لاہ تکوری ھُو
باھُو رب تنہاں نوں حاصل جنہاں جگ نہ کیتی چوری ھُو

پڑھ پڑھ علم ہزار کتاباں

پ پڑھ پڑھ علم ہزار کتاباں عالم ہوئے سارے ھُو
اک حرف عشق دا پڑھ نہ جانن بھلے پھرن بچارے ھُو
اک نگاہ جے عشق دیکھے لکھ ہزاراں تارے ھُو
لکھ نگاہ جے عالم ویکھے کسے نہ کدھی چاہڑے ھُو
عشق عقل وچ منزل بھاری سئیاں کوہاندے پاڑے ھُو
عشق نہ جنہاں خریدا باھُو اوہ دوہیں جہانئیں مارے ھُو

پنجے محل پنجاں وچ چانن

پ پنجے محل پنجاں وچ چانن دیوا کت ول دھریئے ھُو
پنجے مہر پنجے پٹواری حاصل کت دل بھریئے ھُو
پنجے امام تے پنجے قبلے سجدہ کت ول کریئے ھُو
باھُو صاحب جے سر منگے ہرگز ڈِھل نہ کریئے ھُو

پڑھیا علم تے ودھی مغروری

پ پڑھیا علم تے ودھی مغروری عقل بھی گیا تلوہاں ھُو
بھلا راہ ہدایت والا نفع نہ کیتا دوہاں ھُو
سر دتیاں جے سرہتھ آوے سودا ہار نہ توہاں ھُو
وڑیں راز محبت والے باھُو کوئی رہبر لے کے سوہاں ھُو

پاٹا دامن ہویا پرانا

پ پاٹا دامن ہویا پرانا کچرک سیوے درزی ھُو
حال دا محرم کوئی نہ ملیا جو ملیا سو غرضی ھُو
باہجھ مربی کسے نہ لدھی گجھی رمز اندر دی ھُو
اوسے راہ ول جایئے باھُو جس تھیں خلقت ڈردی ھُو

(ت)

ترک دنیا دی تائیں ہوسی

ت ترک دنیا دی تائیں ہوسی جد فقر ملیسی خاصہ ھُو
تاک دنیا تاہیں ہوسی جد ہتھ پکڑیسی کاسہ ھُو
دریا وحدت نوش کیتوس اجے بھی جی پیاسہ ھُو
راہ فقر رت ہنجوں روؤن لوکاں بھانے ہاسہ ھُو

تلہ بنھ توکل والا

ت تلہ بنھ توکل والا ہو مردانے تریئے ھُو
جیں دکھ سکھ حاصل ہووے انہیں دکھن مول نہ ڈریئے ھُو
فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا آیا چیت اسے دل دھریئے ھُو
اوہ بے پرواہ درگاہ ہے باھُو اوتھے رو رو حاصل بھریئے ھُو

توڑے تنگ پورانے ہوون

ت توڑے تنگ پورانے ہوون گجھے نہ رہندے تازی ھُو
مار نقارہ دل وچ وڑیا کھیڈ چلیا اک بازی ھُو
ماردلاں نوں جول دتونے جدوں تکے نین نیازی ھُو
انہاں نال کی تھیا باھُو جنہاں یار نہ رکھیا راضی ھُو

تن من یار میں شہر بنایا

ت تن من یار میں شہر بنایا دل وچ خاص محلّہ ھُو
آن الف ول وسوں کیتی میری ہوئی خوب تسلہ ھُو
سب کجھ مینوں پیا سنیوے جو بولے ماسوی اللہ ھُو
درد منداں ایہہ رمز پچھاتی باھُو بے درداں سر کھلہ ھُو

تدوں فقیر شتابی بن دا

ت تدوں فقیر شتابی بن دا جد جاں عشق وچ ہارے ھُو
عاشق شیشہ تے نفس مربی جان جاناں توں وارے ھُو
خود نفسی چھڈ ہستی جھیڑے لاہ سروں سب بھارے ھُو
باھُو باہجھ مویاں نہیں حاصل تھیندا توڑے لکھاں سانگ اتارے ھُو

تسبیح داتوں کسبی ہویوں

ت تسبیح داتوں کسبی ہویوں ماریں دم ولیاں ھُو
دل دا منکا اک نہ پھیریں گانج پائیں پنج دیساں ھُو
دین گیاں گل گھوٹو آوے لین گیا تشبیہاں ھُو
پتھر چت جنہاں دا باھُو اوتھے ضائع وساں میہاں ھُو

توں وی جاگ نہ جاگ فقیرا

ت توں وی جاگ نہ جاگ فقیرا انت نوں لور جگایا ھُو
اکھیں میٹیاں نہ دل جاگے' جاگے جاں مطلب پایا ھُو
ایہہ نقطہ جد پختہ کیتا ناں ظاہر آکھ سنایا ھُو
باھُو میں تاں بھلی ویندی مرشد راہ ویکھایا ھُو

تسبیح پھری تے دل نہیں پھریا

ت تسبیح پھری تے دل نہیں پھریا کی لیناں تسبیح پھڑ کے ھُو
علم پڑھیا تے ادب نہ سکھیا کی لیناں علم نوں پڑھ کے ھُو
چلے کٹے تے کجھ نہ کھٹیا کی لیناں چلیاں وڑ کے ھُو
جاگ بناں دُدھ جمدے ناہیں بھانویں لال ہوون کڑھ کڑھ کے ھُو

(ث)

ثابت صدق تے قدم اگیرے

ث۔ ثابت صدق تے قدم اگیرے تاہیں رب لبھیوے ھُو
لوں لوں دے وچ ذکر اللہ داہر دم پیا پڑھیوے ھُو
ظاہر باطن عین عیانی ہو ہو پیا سنیوے ھُو
نام فقیر تنہاں دا باھُو قبر جنہاں دی جیوے ھُو

ثابت عشق تنہاں نے لدھا

ث ثابت عشق تنہاں نے لدھا جنہاں ترٹی چوڑ چا کیتی ھُو
نہ اوہ صوفی نہ اوہ بھنگی ناں سجدہ کرن مسیتی ھُو
خالص نیل پرانے اتے نہیں چڑھدا رنگ مجیٹھی ھُو
قاضی آن شرع دل باھُو کدی عشق نماز نہ نیتی ھُو

(ج)

جو دل منگے ہووے ناہیں

ج- جو دل منگے ہو دے ناہیں ہودن گیہ پریرے ھُو
دوست نہ دیوے دل دا دارو عشق نہ واگاں پھیرے ھُو
اس میدان محبت والے ملن تاء ترکھیڑے ھُو
میں قربان تنہاں تھیں باھُو جنہاں رکھیا قدم اگیرے ھُو

جے چاہیں وحدت رب دی

ج جے چاہیں وحدت رب دی مل مرشد دیاں تلیاں ھُو
مرشد لطفوں کرے نظارہ گل تھیون سب کلیاں ھُو
انہاں کلیاں وچوں اِک لالہ ہوسی گل نازک کل پھلیاں ھُو
دو ہیں جہانیں مٹھے باھُو جنہاں سنگ کیتا دو ولیاں ھُو

جس الف مطالبہ کیتا

ج جس الف مطالبہ کیتا ''بے'' دا باب نہ پڑھدا ھُو
چھوڑ صفاتی لدھوس ذاتی اوہ عامی دور چا کردا ھُو
نفس امارہ کتڑا جانے ناز نیاز دھردا ھُو
کیا پرواہ تنہاں نوں باھُو جنہاں گھاڑ نہ لدھا گھر دا ھُو

جیں دل عشق خرید نہ کیتا

ج جیں دل عشق خرید نہ کیتا سو دل بخت نہ بختی ھُو
استاد ازل دے سبق پڑھایا ہتھ دتیں دل دی تختی ھُو
برسر آئیاں دم نہ ماریں جاں سر آوے سختی ھُو
پڑھ توحید تھیوسی واصل باھُو سبق پڑھیوے وقتی ھُو

جیں دل عشق خرید نہ کیتا

ج جیں دل عشق خرید نہ کیتا سو دل درد نہ پھٹی ھُو
جیں دل عشق حضور نہ منگیا سو درگاہوں سٹی ھُو
اس دل تھیں سنگ پتھر چنگے جو دل غفلت رتی ھُو
ملیا دوست باھُو نہ انہاں جنہاں کیتی چوڑ ترٹی ھُو

جو پاکی بن پاک ماہی دے

جو پاکی بن پاک ماہی دے سو پاکی جان پلیتی ھُو
ہک بت خانے جا واصل ہوئے ہک خالی رہے مسیتی ھُو
عشق دی بازی جنہاں لیتی سر دیندیاں ڈھل نہ کیتی ھُو
ہرگز دوست نہ ملیا انہاں باھُو جنہاں ترٹی چوڑ نہ کیتی ھُو

جیں دل عشق خرید نہ کیتا

ج جیں دل عشق خرید نہ کیتا سو دل درد نہ دانے ھُو
خسرے خنثے ہر کوئی آکھے کوئی نہ کہے مردانے ھُو
گلیاں دے وچ پھرن ہر ویلے جیوں جنگل ڈھور دیوانے ھُو!
باھو مرد نامرد تداہیں کھلسن جد عاشق نبھسن گانے ھُو

جتھے رتی عشق وکاوے اوتھے

ج جتھے رتی عشق وکاوے اوتھے مول ایمان نہ دیوے ھُو

کتب کتاباں ورد وظیفے ایہہ بھی اوتر کچیوے ھُو

باہجھوں مرشد کجھ نہ حاصل توڑے راتیں جاگ پڑھیوے ھُو

مریئے مرن تھیں اگے باھُو تاں رب حاصل تھیوے ھُو

جنگل دے وچ شیر مریلا

ج۔ جنگل دے وچ شیر مریلا باز پوے وچ گھر دے ھُو

عشق جیہا اشرف نہ کوئی کوئی نہ چھڈے وچ زردے ھُو

عاشقاں نیند بھکھ نہ کائی عاشق مول نہ مردے ھُو

عاشق جیندے تداں ڈٹھوسے باھُو جداں صاحب لگے سر دھردے ھُو

جنہاں عشق حقیقی پایا

ج - جنہاں عشق حقیقی پایا موہوں نہ کجھ الاون ھُو
ذکر فکر وچ رہن ہمیشہ دم نوں قید لگاون ھُو
سری، روحی، قلبی، صوری اخفی، خفی کہاون ھُو
میں قربان تنہاں توں باھُو جیہڑے اِکس نگاہ جگاون ھُو

جیں دن دا میں درتینڈ ے

ج جیں دن دا میں درتینڈ ے تے سجدہ صحیح ونج کیتا ھُو
اس دن دا سر فدا تھائیں، میں بیا دربار نہ لیتا ھُو
سردیون سرّ آکھن ناہیں اساں شوق پیالہ پیتا ھُو
میں قربان تنہاں توں باھُو جنہاں عشق سلامت کیتا ھُو

جیوندے کی جانن سار مویاں دی

ج۔ جیوندے کی جانن سار مویاں دی سو جانے جو مردا ھُو
قبراں دے وچ ان نہ پانی اوتھے خرچ لوڑیندا گھر دا ھُو
اک وچھوڑا ماں پیو بھائیاں دوجا عذاب قبر دا ھُو
ایمان سلامت تس دا باھُو جیہڑا ربّ اگے سر دھردا ھُو

جنہاں شوہ الف تھیں پایا

ج۔جنہاں شوہ الف تھیں پایا اوہ پھر قرآن نہ پڑھدے ھُو
اوہ مارن دم محبت والا' دور ہویو تے پردے ھُو
دوزخ بہشت غلام تنہا ندے چا کیتونے بردے ھُو
میں قربان تنہا ندے باھُو جیہڑے وحدت دے وچ وڑدے ھُو

جب لگ خودی کریں

ج جب لگ خودی کریں خود نفسوں تب لگ رب نہ پاویں ھُو
شرط فناہ نوں جانیں ناہیں تے اسم فقیر رکھاویں ھُو
موئے باہجھ نہ سوہندی الفی اینویں گل وچ پاویں ھُو!
تدوں نام فقیر ہے سوہندا باھُو جے جیوندیاں مر جاویں ھُو

جو دم غافل سو دم کافر

ج جو دم غافل سو دم کافر سانوں مرشد ایہہ پڑھایا ھُو
سنیا سخن گیاں کھل اکھیں اساں چت مولا ول لایا ھُو
کیتی جان حوالے رب دے اساں ایسا عشق کمایا ھُو
مرن تھیں مر گئے اگے باھُو تاں مطلب نوں پایا ھُو

جیوندیاں مر رہناں ہووے

ج جیوندیاں مر رہناں ہووے تاں دیس فقیراں بہیئے ھُو

بے کوئی سٹے گدڑ کوڑا وانگ اوڑی رہیئے ھُو

جے کوئی کڈھے گاہلاں مہناں اُس نوں جی جی کہیئے ھُو

گلہ الاہناں بھنڈی خواری یار دے پاروں سہیئے ھُو

قادر دے ہتھ ڈوراساڈی باھُو جیوں رکھے تیوں رہیئے ھُو

جے کر دین علم وچ ہوندا

ج جے کر دین علم وچ ہوندا تاں سرنیزے کیوں چڑھدے ھُو

اٹھارہ ہزار جو عالم آہا اوہ اگے حسین دے مردے ھُو

جے کجھ ملاحظہ سرور دا کردے تاں خیمے تنبو کیوں سڑدے ھُو

جے کرمن دے بیعت رسولی تاں پانی بند کیوں کردے ھُو

پر صادق دین تنہاں دے باھُو سر قربانی کردے ھُو

جد دا مرشد کاسہ دِتا

ج - جد دا مرشد کاسہ دِتا تد دی بے پرواہی ھُو
کی ہویا جے راتیں جاگے جے مرشد جاگ نہ لائی ھُو
راتیں جاگیں تے کریں عبادت دینہہ نندیا کریں پرائی ھُو
کوڑا تخت دنیا دا باھُو تے فقر سچی بادشاہی ھُو

جے رب ناتیاں دھوتیاں ملدا

ج جے رب ناتیاں دھوتیاں ملدا ملدا ڈڈواں مچھیاں ھُو
جے رب ملدا موں منایاں ملدا بھیڈاں سسیاں ھُو
جے رب جتیاں ستیاں ملدا ڈانڈاں خصیاں ھُو
رب اُنہاں نوں ملدا باھُو نیتاں جنہاں نیتاں اچھیاں ھُو

جل جلیندے جنگل بھوندے

ج۔ جل جلیندے جنگل بھوندے ہکا، گل نہ پکی ھُو
چلئے مکے حج گزارن دِلدی ڈور نہ ڈکی ھُو
تریہے روزے پنج نمازاں ایہہ بھی پڑھ پڑھ تھکی ھُو
سبھے مراداں حاصل ہوئیاں نظر مہردی تھکی ھُو

جاں جاں ذات نہ تھیوے باھُو

ج جاں جاں ذات نہ تھیوے باھُو تاں کم ذات سدیوے ھُو
ذاتی نال صفاتی ناہیں تاں تاں حق لبھیوے ھُو
